
No. Bio/B-2 (NIFA)/2006

# چنے

## کی نئی ترقی دادہ قسم NIFA-2005 اور اس کی کاشت کیلئے سفارشات




جوہری ادارہ برائے خوراک و زراعت (نیفا) ترناب پشاور

جولائی۔ 2006

# چنے کی نئی ترقی دادہ قسم۔ NIFA-2005

## تعارف:

دالیں خوردنی اجناس میں انسان کو سستے داموں توانائی فراہم کرنے کے علاوہ پروٹین کا ایک بہتر وسیلہ بھی ہیں۔ ان میں 20 سے 24 فیصد پروٹین ہوتی ہے۔ پاکستان اور ایشیا کے کئی دوسرے ممالک جن میں لوگوں کی خوراک کا بیشتر حصہ چاول یا گندم پر مشتمل ہوتا ہے انکی خوراک میں پروٹین کی کمی کو پورا کرنے کے لئے دالیں معقول نعم البدل ہیں۔ چنا ہمارے ملک کے دال والی فصلوں میں سب سے اہم فصل ہے۔ اسکی پیداواری کاشت ملک کے بارانی علاقوں میں غیر زرخیز زمینوں پر کیا جاتا ہے۔ ان علاقوں میں چنا موسم ربیع کی سب سے زیادہ کاشت ہونے والی دال کی فصل ہے۔ صوبہ سرحد میں بارانی علاقوں کی معیشت کا زیادہ تر انحصار چنے کی فصل پر ہے۔ چنے کی زیادہ پیداواری صلاحیت اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والی اقسام ان بارانی علاقوں کے کاشتکاروں کی خوشحال زندگی کے لئے اشد ضروری ہیں۔

جوہری ادارہ برائے خوراک و زراعت (NIFA) پشاور میں چنے کی ترقی دادہ اقسام تیار کرنے پر تحقیقی کام ہو رہا ہے۔ اس ادارے نے چنے کی تین ترقی دادہ اقسام NIFA-88 (دیسی)، NIFA-95 (دیسی) اور Hassan-2K (کابلی) تیار کی ہیں چنے کی زیادہ پیداواری صلاحیت کی حامل ایسی اقسام پیدا کرنے کی مسلسل ضرورت ہے جنکا دانہ موٹا ہو اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت رکھتیں ہوں کیونکہ پہلے سے موجود ترقی دادہ اقسام موسمی تغیر کی وجہ سے نہ صرف پیداواری صلاحیت کھو جاتیں ہیں بلکہ مختلف اقسام کی بیماریوں اور حشرات کے زیرِ حملہ بھی آجاتیں ہیں۔

اسی حقیقت کو پیشِ نظر رکھ کر نیفا کے سائنسدانوں نے دیسی چنے کی ایک اور ترقی دادہ قسم NIFA-2005 کے نام سے تیار کی ہے۔ جسکی اہم خصوصیات زیادہ پیداواری صلاحیت اور موٹا دانہ ہیں۔ یہ صوبہ سرحد کے چنا کاشت کرنے والے بارانی علاقوں کے ساتھ ساتھ ڈیرہ اسمٰعیل خان کے آبپاشی والے علاقوں میں زیادہ پیداوار دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

زیرِ نظر کتابچہ میں چنے کے کاشتکار بھائیوں کی رہنمائی کے لئے نیفاء کے دیسی چنے کی ترقی دادہ قسم NIFA-2005 کی کاشت کے متعلق ضروری سفارشات مرتب کی گئی ہیں۔ جن پر عمل پیرا ہو کر زیادہ پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے۔

## زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے سفارشات:

### زمین اور وقت کاشت

NIFA-2005 کی کاشت کے لئے اوسط درجہ کی ذرخیز ہلکی ریتلی زمین (Sandy Loam) بہتر ثابت ہوتی ہے۔ صوبہ سرحد میں چنا کاشت کرنے کے اضلاع کرک، لکی مروت، بنوں اور ڈیرہ اسمٰعیل خان ہیں۔ NIFA-2005 کی کاشت کے لئے موزوں وقت وسطِ اکتوبر سے وسطِ نومبر تک ہے۔

### شرح بیج اور طریقہ کاشت:

صاف ستھرا اور صحت مند بیج 30 تا 35 کلوگرام فی ایکڑ استعمال کریں۔ فصل کی بوائی تر وتر میں کریں۔ زیادہ پیداوار لینے کے لئے بوائی قطاروں میں کرنی ضروری ہے۔ قطاروں کا درمیانی فاصلہ 30 سے 40 سینٹی میٹر اور پودے سے پودے کا فاصلہ 10 سینٹی میٹر رکھیں۔

### کھاد کا استعمال:

ایک بوری ڈی اے پی فی ایکڑ کے حساب سے کھاد بوائی سے پہلے استعمال کرنی چاہیئے۔

### کیڑوں کا تدارک:

چنے کی پھلی کی سنڈی (Pod borer) عام طور پر اپریل میں حملہ آور ہوتی ہے۔
اس سنڈی کے روک تھام کے لئے مناسب زہریلی ادویہ استعمال کریں۔

### برداشت:

جب پودوں پر 90 فیصد پھلیاں پک جائیں تو فصل کو صبح کے وقت کاٹ لیں اور کھیت میں خشک ہونے کے لئے چھوڑ دیں۔ خشک ہونے پر تھریشر یا بیلوں سے گسائی کرلیں۔ دانوں کو چند دن دھوپ میں خشک کر کے سٹور کرلیں۔

### پیداوار:

موزوں موسمی حالات اور مناسب دیکھ بھال سے دیسی چنے والی قسم NIFA-2005 سے 12 تا 15 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے۔

نوٹ: مزید معلومات کیلئے نیفا کے متعلقہ سائنسدانوں سے رجوع کریں۔
فون: 091-2964058/091-2964060 فیکس: 091-2964059
E-mail: nifa@pes.comsats.net.pk

تحقیق و تحریر:

ڈاکٹر گل سنت شاہ (پرنسپل سائنٹسٹ)
اقبال سعید (ریسرچ فیلو)